حصہ ب (مختصر جوابات کے سوالات) (نشانات:۲۳)

درجہ ذیل میں سے دو سوالات کے جوابات تحریر کیجیے: (۴)

روپا نے بوڑھی کاکی کو کھانے کا تھال دے کر کیا کہا؟

(ii) شاہ زمانی بیگم نے حُسن آرا کی تعلیم کے بارے میں چھوٹی بہن کو کیا مشورہ دیا؟

(iii) نظریہ پاکستان کا مفہوم مختصراً بیان کیجیے

(iv) رسول اللہ ﷺ، حضرت جریر بن عبداللہؓ کو دیکھ کر کیا کرتے تھے؟

مصنف اور شاعر کے حوالے کے ساتھ سبق "شہید" یا نظم "جیوے جیوے پاکستان" کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔ (۵)

---

۴۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح شاعر کے مختصر تعارف کے ساتھ کیجیے: (۶)

(i) نُورِ مجسم، نیّرِ اعظم، سَرورِ عالم، مونسِ آدمؑ — نُوحؑ کے ہم دم، خضرؑ کے رہبر ﷺ

(ii) دکھائی دیے یوں کہ بے خود کیا — ہمیں آپ سے بھی جدا کر چلے

(iii) رہی نہ طاقتِ گفتار، اور اگر ہو بھی — تو کس امید پہ کہیے کہ آرزو کیا ہے

(iv) کیا سُناتا ہے مجھے تُرک و عرب کی داستاں — مجھ سے کچھ پنہاں نہیں اسلامیوں کا سوز و ساز

۵۔ (الف) مندرجہ ذیل شعری اصلاحات اور اصناف سخن میں سے کسی دو کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے۔ (۴)

قافیہ۔ تشبیہ۔ نظم۔ ڈراما

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ و محاورات میں سے کسی چار کے جملے بنایئے: (۴)

خندہ پیشانی۔ ناک کٹوانا۔ اطراف و جوانب۔ رکھ رکھاؤ۔ نام بیچنا۔ قبا خس...

حصہ ج (بیانیہ جواب کے سوالات) (نشانات:۲۵)

۶۔ مندرجہ ذیل میں سے دو جملوں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام تحریر کیجیے۔ (۸)

(i) تم نے اپنے بزرگوں کے ساتھ کیا سلوک کیا جو آج اپنے مُردوں سے توقع رکھتے ہو۔

(ii) دنیا کا دستور ہے کہ کوئی فرد بشر رنج سے خالی نہیں۔

(iii) قومی مفاد کے سامنے ذاتی مفاد کو دل سے نکال دینا چاہیے۔

(iv) ہر معاملے کی دو ہی صورتیں ہیں، فتح یا شکست۔

۷۔ اپنے دوست کے نام ایک خط تحریر کیجیے جس میں اسے وبائی صورتِ حال میں احتیاطی تدابیر اختیار نہ کرنے کے نقصانات بتایئے۔ (۷)

یا۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر کم از کم ڈیڑھ صفحات کا مضمون تحریر کیجیے۔

(i) درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو (ii) شجر کاری کی اہمیت (iii) میرا پسندیدہ شاعر

www.ilmkidunya.com